

واسقیناکم ماء فراتا
تفسیر فرات (اردو)
تالیف
شیخ المحدثین علامہ
فرات بن ابراہیم کوفی
ترجمہ
ملک العلماء الحاج مولانا
محمد شریف صاحب
پیشکش
قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان علیہ السلام ملتان

حقوق الطبع محفوظة

نام کتاب ——— تفسیر فرات

مؤلف ——— شیخ المحدثین سرکار علامہ
فرات بن ابراہیم کوفی

مترجم ——— ملک العلماء الحاج مولانا
ملک محمد شریف صاحب
مرحوم شاہ سکھر لوی ملتان

پیشکش ——— تنظیم محب علی علیہ السلام
لندن انگلینڈ

ناشر ——— قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان
علیہ السلام ملتان

ھدیہ ——— -/175 روپے

اگست 2003ء

تنظیم انتظار مہدیؑ ملتان

رسولؐ اللہ کی وفات کے بعد جب لوگوں نے حضرت ابوبکر کی بیعت کی تو ابوذر غفاریؓ نے مسجدِ رسولؐ میں تشریف لاکر فرمایا ———

(ایہا الناس) ان اللہ اصطفیٰ آدم ونوحًا وآل ابراھیمؑ
وَآل عمران علی العالمین ذُرّیۃً بعضہا من بعض
وَاللہُ سَمیعٌ عَلِیمٌ۔

(اے لوگو!) اللہ نے آدمؑ، نوحؑ، آلِ ابراھیمؑ اور آلِ عمران کو تمام عالموں سے برگزیدہ کیا، ان میں سے بعض، بعض کی اولاد ہیں، اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔ ——— تمہارے نبیؐ کی اہل بیت آلِ ابراہیمؑ، اولادِ اسماعیلؑ اور محمدؐ کی تربیت یافتہ عترت، محمدؐ کی وجہ سے ان کو بزرگی ملی ہے، یہ خلافت کے مالک ہیں بارگاہِ خداوندی سے ان کو فضیلت ملی ہے، جو آسمان کی طرح بلند، زمین کی طرح وسیع، پہاڑ کی طرح اٹل، کعبہ کی طرح ستر پوش، سورج کی طرح روشن، ستاروں کی طرح راہنما، زیتون کا درخت جس کے تیل سے روشنی حاصل ہوتی ہے، صاحب برکت ہے وہ شخص جو اس روشنی کے پاس ہوتا ہے، محمدؐ آدمؑ کے وصی اور اس کے علم کے وارث، پرہیزگاروں کے امام، سفید پیشانی والے مومنین کے قائد اور قرآنِ عظیم کی تفسیر ہیں علی بن ابی طالبؑ، صدیقِ اکبر، فاروقِ اعظم، وصیِ محمدؐ، محمدؐ کے علم کے وارث اور آپ کے بھائی۔ اے وہ قوم! جو اپنے نبیؐ کی وفات کے بعد گمراہ ہو گئی، تمہیں کیا ہو گیا ہے، اگر تم اس شخص کو مقدم کرتے جس کو اللہ تعالیٰ نے مقدم کیا تھا، اور اس کو خلیفہ بناتے جسکو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خلیفہ بنایا تھا۔ تو تم میں ہرگز دین کے بارے میں اختلاف نہ ہوتا۔ دو شخص بھی اللہ تعالیٰ کے حکم میں اختلاف نہ کرتے، اللہ تعالیٰ کے